Shabbir / Fazil

28-01-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فیصل خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج دونوں ایوانوں کی مشترکہ نشست سے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے شروع ہو رہا ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر نئی دلّی میں Cariappa پریڈ گراؤنڈ میں سالانہ NCC پی ایم ریلی سے خطاب کریں گے۔

3- حکومت نے انڈمان و نکوبار جزیروں میں، Mayabunder پر، ماہی گیری کی اسمارٹ اور مربوط بندرگاہ قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔

4- صنعتی اداروں نے، بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کو بھارتی صنعت کیلئے یکسر تبدیلی لانے والا معاہدہ قرار دیا ہے۔

5- ایشیاء کی، شہری ہوابازی سے متعلق سب سے بڑی تقریب Wings India 2026 آج حیدرآباد میں بیگم پیٹ ہوائی اڈّے پر شروع ہوگی۔

6- اور مردوں کے، 19 سال تک کی عمر کے کرکٹ عالمی کپ میں بھارت نے Bulawayo میں سُپر سِکس مرحلے کے میچ میں زمبابوے کو 204 رن سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Parliament Budget Session

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج دونوں ایوانوں سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے شروع ہو رہا ہے۔ کل اقتصادی جائزہ پیش کیا جائے گا اور بجٹ پہلی فروری یعنی اتوار کو پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ آج سے اگلے ماہ کی 13 تاریخ تک جاری رہے گا۔ دوسرا مرحلہ 9 مارچ سے 2 اپریل تک ہوگا۔ بجٹ اجلاس کے دوران 30 نشستیں ہوں گی۔x

Budget Halwa Cerrmony

مرکزی بجٹ 2026-27 کی تیاریوں کا آخری مرحلہ کل نئی دلی میں حلوہ کی تقریب سے شروع ہوا۔ تقریب میں وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن کے ساتھ وزارت کے ماتحت سبھی محکموں کے سکریٹریز اور بجٹ کی تیاری میں شامل دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔ وزیرخزانہ نے بجٹ پریس کا بھی دورہ کیا اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔x

All Party Meeting

حکومت، پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل کل نئی دلی میں ایک آل پارٹی میٹنگ بلائی۔ اس میٹنگ کی صدارت وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے کی۔ راجیہ سبھا میں قائد ایوان جے پی نڈّا، پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو، پارلیمانی امور کے وزیرمملکت ارجن رام میگھوال اور ڈاکٹر ایل مروگن اس موقع پر موجود تھے۔ کانگریس لیڈر جے رام رمیش، DMK لیڈر ترروچی شیوا، ترنمول کانگریس لیڈر سگاریکا گھوش، سماجوادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ رام گوپال یادو نے دیگر لوگوں کے ساتھ میٹنگ میں شرکت کی۔

میٹنگ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ بجٹ اجلاس کے پہلے مرحلے میں صدر کے خطاب پر شکریہ کی تحریک ہوگی۔ بعد میں دونوں ایوانوں میں بجٹ پر بحث ہوگی۔

جناب رجیجو نے تمام پارٹیوں سے درخواست کی کہ وہ سیشن کو آسانی سے چلانے میں تعاون کریں۔x

PM NCC Rally

وزیراعظم آج نئی دلی میں واقع کریپا پریڈ گراؤنڈ میں سالانہ NCC PM Rally سے خطاب کریں گے۔ اس سال کی ریلی کا موضوع ہے : ''راشٹر پرتھم - کرتویہ نشٹھ یوا'' یہ ریلی بھارت کے نوجوانوں میں فرائض کے جذبے، ڈسپلن اور قومی عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ NCC PM Rally ایک ماہ تک جاری رہنے والے NCC Republic Day Camp 2026 کے اختتام کا موقع ہوگا۔ اس میں ملک بھر سے NCC کے دو ہزار 406 کیڈٹس شرکت کریں گے جن میں 898 گرل کیڈٹس شامل ہیں۔ اس ریلی میں 21 ممالک کے 207 نوجوانوں اور افسران بھی شرکت کریں گے۔ اس موقع پر NCC کیڈٹس، راشٹریہ رنگ شالا اور نیشنل سروس اسکیم کے ممبران شاندار ثقافتی پروگرام پیش کریں گے جس میں وہ ملک کی تعمیر، سماجی خدمات اور کردار سازی میں اپنے رول کو پیش کریں گے۔x

Fisheries Andaman & Nicobar

حکومت نے انڈمان اور نکوار جزائر کے Mayabunder میں اسمارٹ اور مربوط فشنگ ہاربر قائم کرنے کی تجویز کو منظوری دی ہے۔ یہ پروجیکٹ تقریباً 200 کروڑ روپے کی مالیت سے پورا کیا جائے گا اور اسے پردھان

منتری متسیہ سمپدا یوجنا، PMMSY کے تحت مرکزی حکومت مکمل فنڈ فراہم کرے گی۔

یہ ہاربر مچھلی پکڑنے والی 430 کشتیوں کو محفوظ طریقے سے ساحل تک پہنچنے اور Berthing کی سہولت فراہم کرے گا اور یہاں سالانہ 9 ہزار 900 ٹن مچھلیاں اتاری جا سکیں گی۔ یہ ماہی گیری کے پائیدار بندوبست کو مربوط کرے گا، مچھلیوں کے رکھ رکھاؤ کی صلاحیت بڑھائے گا، آپریشنل سیفٹی، توانائی کے موثر نظام اور ڈجیٹل ٹریس ایبیلیٹی کو بہتر بنائے گا۔

توقع ہے اس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، فریقوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا، ذریعہ معاش کی صورتحال مستحکم ہوگی اور غیر قانونی ماہی گیری کو روکنے میں مدد ملے گی۔x

Prez EU Leaders

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپ، نہ صرف دورِ حاضر کے مفادات کی وجہ سے، ایک دوسرے سے وابستہ ہیں، بلکہ یہ جمہوریت، تکسیریت اور ایک کھلی مارکیٹ معیشت جیسی مشترکہ اقدار کی وجہ سے بھی ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِن اصولوں سے تیزی سے بدلتے ہوئے ایک عالمی ماحول میں ملکوں کو رہنمائی ملتی ہے۔ صدر جمہوریہ کل شام راشٹرپتی بھون میں یوروپی کونسل کے صدر انتونیو کوستا اور یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فونڈیر Leyen کے اعزاز میں ایک ضیافت سے خطاب کر رہی تھیں۔

صدر مرمو نے کہا کہ اقتصادی تعاون، بھارت-یوروپی یونین تعلقات کا ایک اہم ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور EU، تجارت اور سرمایہ کاری کو مشترکہ خوشحالی اور سماجی ترقی کے آلہء کار کے طور پر دیکھتے ہیں۔

صدر مرمو نے کہا کہ اِس سے ایک مستحکم، متوازن اور ضابطوں پر مبنی بین الاقوامی نظام کو تشکیل دینے میں دونوں فریقوں کی اجتماعی امنگوں کا اندازہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس غیر یقینی اور تنازعات والے دور میں بھارت اور یوروپی یونین کی، عالمی استحکام کو برقرار رکھنے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

یوروپی یونین کے رہنماؤں کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ یومِ جمہوریہ کے موقع پر مہمانِ خصوصی کے طور پر اُن کی موجودگی خصوصی اہمیت کی حامل ہے، جس سے دونوں فریقوں باہم سرگرمیوں اور اعتماد کی گہرائی کا اظہار ہوتا ہے۔x

FTA Industry

صنعتی اداروں نے نئی دلّی میں ایک اہم بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی سمجھوتے FTA پر دستخط کیے جانے کا خیر مقدم کیا ہے۔

بھارتی صنعت کی کنفڈریشن CII نے کہا ہے کہ اِس معاہدے سے ملک کی عالمی تجارتی سرگرمیوں میں ایک اہم پیشرفت کی عکاسی ہوتی ہے اور اِس سے دونوں فریقوں کے درمیان شراکتداری میں، خاطر خواہ گہرائی پیدا ہوئی ہے۔ CII کے ڈائریکٹر-جنرل چندرجیت بنرجی نے کہا کہ اِس معاہدے کے ذریعے، 99 فیصد سے زیادہ بھارتی برآمدکاروں کیلئے بے مثال ترجیحی رسائی کی یقین دہانی ہوئی ہے، اور یہ بھارتی صنعت کیلئے، یکسر تبدیلی لانے والا ایک معاہدہ ہے۔

تجارت و صنعت کے بھارتی ایوان کی فیڈریشن فِکّی نے اِس معاہدے کو دفاعی پیمانے تک لانے اور اِسے طویل مدّتی معاہدہ بنانے پر حکومت کو مبارکباد دی ہے۔

فِکّی کے صدر اننت گوئنکا نے کہا کہ FTA سے، تجارت اور سرمایہ کاری کے ایسے بہت سے ٹھوس موقع فراہم ہوں گے، جو پہلے کبھی دستیاب نہیں تھے، جن سے مارکیٹ میں، گہرائی کے ساتھ رسائی ہو سکے گی اور ویلیو چین مزید مستحکم ہوگی۔

بھارتی برآمدکار تنظیموں کے فیڈریشن FIEO کے صدر ایس سی رَلہن نے کہا کہ اِس معاہدے سے، اشیاء اور خدمات کے شعبے، خاص طور پر جن شعبوں میں مزدوری کی اہمیت زیادہ ہے، اُن میں، MSMEs، خاتون چھوٹے کاروباریوں، کاریگروں اور نوجوانوں کو بے مثال رسائی حاصل ہوگی۔

آل انڈیا ٹریڈرس کی کنفڈریشن CAIT نے بھارت-ای یو FTA کو بھارتی تاجروں، MSMEs اور مینوفیکچرنگ کیلئے، ایک عالمی پیشرفت قرار دیا ہے۔

CAIT کے سکریٹری جنرل پروین کھنڈیلوال نے کہا کہ اِس معاہدہ سے، خاص طور پر MSMEs کو مزید اختیارات حاصل ہوں گے، جس کے تحت نئی عالمی مارکیٹس کے راستے کھلیں گے اور عالمی سطح پر مربوط ہو کر، آتم نربھر بھارت کے ویژن کا اعادہ ہوگا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Brahma Putra Boast Capsize

آسام میں، دریائے برہم پترا میں گنجائش سے زیادہ لوگوں کے سوار ہونے کی وجہ سے ایک کشتی کے الٹنے سے چھ مسافروں کے لاپتہ ہونے کا خدشہ ہے، جن میں چار بچے شامل ہیں۔ یہ کشتی کل بارپیٹا ضلع کے چینگا کے نزدیک برہم پتر دریا میں الٹ گئی تھی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Aminul

برہم پُتر دریا میں ایک کشتی کے الٹ جانے سے ایک ہی خاندن کے چھ افراد لاپتہ ہو گئے، جن میں چار بچے شامل ہیں۔ متاثرہ افراد Barhola Char میں ایک شادی میں شرکت کرنے جا رہے 27 مسافروں میں شامل تھے۔

مقامی لوگوں اور ساتھی مسافروں نے بہت سے لوگوں کو بچا لیا۔ضلع انتظامیہ نے SDRF اور NDRF کی ٹیموں کی خدمات حاصل کی ہیں تاکہ لوگوں کا پتہ لگا کر انہیں بچایا جا سکے۔

گوہاٹی سے امین الحق کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

[Pragati Special Story]

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے، وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 250 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایت کو دور کرنے کا اہل بنا کر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔ پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے جلد فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں۔x

[RBI ESMA]

بھارتی ریزروبینک، RBI اور یوروپی سکیورٹیز اینڈ مارکیٹ اتھارٹی، ESMA نے سنٹرل کاؤنٹر پارٹیز کے حوالے سے تعاون کو مضبوط بنانے اور معلومات کے تبادلے کیلئے RBI کے ضابطے والے مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ سنٹرل بینک کے مطابق یہ معاہدہ یوروپی یونین میں مالی استحکام کو برقرار رکھتے ہوئے ESMA کو RBI کی ریگولیٹری نگرانی پر انحصار کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس معاہدے سے Clearing Corporation of India Limited کو یوروپی مارکیٹ ریگولیشن کے تحت دوبارہ منظوری کیلئے درخواست دینے کا موقع ملے گا۔ ESMA کے مطابق یہ معاہدہ یوروپی یونین کے کلیئرنگ ممبران کیلئے بھارتی سنٹرل کاؤنٹر پارٹیز تک رسائی بحال کرنے کی طرف ایک اہم قدم ہے اور یہ بین الاقوامی سپروائزری تعاون کیلئے مضبوط عزم کی عکاسی کرتا ہے۔x

## Wings India

Wings India 2026، جو شہری ہوابازی کی ایشیاء کی سب سے بڑی تقریب ہے، آج حیدرآباد میں بیگم پیٹ ہوائی اڈّے میں شروع ہوگی۔ اِس چار روزہ تقریب میں بھارتی ہوابازی اور عالمی پرواز کے مستقبل کی تابناکی کو نمایاں کیا جائے گا۔ اِس تقریب میں ایک وسیع اور عالمی درجے کی بین الاقوامی نمائش، ہوائی جہازوں کے فضا میں روکے جانے اور فضائی کرتب کو نمایاں کیا جائے گا۔ اِس میں ہوابازی سے متعلق اعلیٰ سطح کی ایک کانفرنس، CEO گول میز کانفرنس، B2B اور B2G میٹنگوں، ہوابازی سے متعلق روزگار میلے اور طلبا کے اختراعی مقابلے کا انعقاد کیا جائے گا۔

20 ملکوں کے وزارتی سطح کے اور سرکاری غیر ملکی مندوبین، وِنگس انڈیا 2026 میں شرکت کریں گے، جن میں روس، سنگاپور، مالدیپ، منگولیا، اومان، قطر، یوروپی یونین، برطانیہ، فرانس، جرمنی اور امریکہ شامل ہیں۔

وِنگس انڈیا 2026 کو موضوع ہے: ''بھارت، ہوابازی مستقبل کا راستہ، ڈیزائن سے تعیناتی تک، مینوفیکچرنگ سے دیکھ بھال تک، سب کی شمولیت سے اختراع تک اور حفاظت سے پائیداری تک۔×

## International Data Privacy Day

آج رازدارانہ اعداد و شمار کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ اِس دن کا مقصد ڈیجیٹل دور میں ذاتی اعداد و شمار اور رازداری کے حق کے تحفظ کی اہمیت سے متعلق بیداری میں اضافہ کرنا ہے۔ اِس دن کو اعداد و شمار کے دن کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ اِس کا آغاز، کنونشن 108 پر دستخط کیے جانے کی یاد میں یوروپ کی کونسل نے 2006 میں کیا تھا۔

یہ کنونشن اعداد و شمار کے تحفظ سے متعلق دنیا کا پہلا قانون بند بین الاقوامی سمجھوتہ ہے۔ اعداد و شمار کی رازداری، ذمہ دارانہ ڈیجیٹل حکمرانی کا ایک بنیادی ستون ہے۔ اِس سے بڑے پیانے پر ڈیجیٹل عوامی پلیٹ فارمز میں، شہریوں کی ذاتی جانکاری کی حفاظت ہوتی ہے۔ اِس دن کو منائے جانے سے ڈیجیٹل حقوق کے تحفظ میں حکومتوں، اداروں اور شہریوں کی اجتماعی ذمہ داری کا اعادہ ہوتا ہے۔×

## CISF Cyclothon

مرکزی صنعتی حفاظتی فورس CISF، آج سے 22 فروری تک دوسرے ساحلی Cyclothon کا انعقاد کرے گی، جس کا عنوان وندے ماترم کوسٹل سائیکلوتھون 2026 ہے۔

امور داخلہ کے وزیرِمملکت نتیہ نند رائے آج صبح نئی دلّی میں سائیکلوتھون کو ورچوئل وسیلے سے جھنڈے دکھا کر روانہ کریں گے۔ یہ سائیکلوتھون وندے ماترم کے 150 سال پورے ہونے کی تقریبات کے حصے کے طور پر منعقد کیا جا رہا ہے۔

اسی کے ساتھ ساتھ CISF کے سائیکل سواروں کی دو ٹیمیں مشرق میں، مغربی بنگال کے بکھالی علاقے سے، اور مغرب میں، گجرات کے لکھپت فورٹ علاقے سے اپنا سفر شروع کریں گی۔ یہ ٹیمیں کیرالہ کے شہر کوچن میں تقریباً 6 ہزار 500 کلو میٹر کا راستہ طے کریں گی۔ اِس سائیکلوتھون کا موضوع ہے: ''ساحل کی حفاظت خوشحال بھارت''۔×

Jal Jeevan Policy Dialogue

جل جیون مشن پر وزیروں کی سطح کا پالیسی ڈائیلاگ کل نئی دلی میں منعقد ہوا، جس میں پائیدار آپریشن اور دیہی علاقوں میں پینے کے پانی سے متعلق خدمات کی دیکھ بھال پر توجہ مرکوز کی گئی۔ پنچایتی راج کے وزیر راجیو رنجن سنگھ نے گرام پنچایتوں کی قیادت میں طویل مدتی آپریشن اور دیکھ بھال کے فریم ورک کی ضرورت اور 16ویں مالی کمیشن سے اس کام پر ہونے والے خرچ کے معاملے کو حل کرنے پر زور دیا ہے۔ جل شکتی کے وزیر سی آر پاٹل نے پائیداری، جوابدہی اور مالی ضابطے پر زور دیا۔ انھوں نے اعلان کیا کہ مستقبل میں ریاستوں کو جاری کیے جانے والے فنڈ کو مفاہمت ناموں، منفرد اسکیم آئی ڈی اور 15 دن تک مسلسل پانی کی سپلائی کے ثبوت کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔

IMD Morning

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کل تک دہلی، ہریانہ، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، اترپردیش، مدھیہ پردیش، راجستھان اور بہار میں گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی ی ہے۔

ہماچل پردیش، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ اور دلی میں آئندہ دو یا تین دن تک سردی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں گرج چمک کے ساتھ ژالہ باری ہوسکتی ہے۔

اتراکھنڈ، بہار اور مشرقی اترپردیش، چنڈی گڑھ اور مشرقی مدھیہ پردیش میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ طوفان آنے کی امید ہے۔ IMD کے مطابق خلیجِ منّار اور کومورین کے علاقے میں جمعہ تک طوفانی ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔x

Under-19 Cricket World Cup

مردوں کے 19 سال سے کم عمر کے کرکٹ عالمی کپ میں کل شام Bulawayo میں Super Six میچ میں بھارت میزبان زمبابوے کو 204 رن سے ہرا کر گروپ-2 پوائنٹ ٹیبل میں چوٹی پر پہنچ گیا ہے۔

Vihaan Malhotra نے ناٹ آؤٹ 109 رن بنائے اور انہوں نے مقررہ 50 اوورز میں بھارت کو 352 رن کے بڑے اسکور تک پہنچا دیا۔ 14 سالہ Vaibhav Suryavanshi نے 30 گیند میں شاندار 52 رن بنائے

جبکہ وکٹ کیپر Abhigyam Kundu کے 61 اور Khilan Patel کے 30 رن نے بھی اس بڑے اسکور میں مدد کی۔

بعد میں بھارت نے زمبابوے کو 37 اعشاریہ چار اوور میں صرف 148 رن پر آؤٹ کر دیا۔

پاکستان نے بھی نیو زیلینڈ کے خلاف جیت کے ساتھ سیمی فائنل کی طرف قدم بڑھا دیا ہے۔ اتوار کے روز بھارت اور پاکستان کے درمیان اہم میچ ہوگا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - فیصل خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان معاہدے کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے: بھارت اور یوروپی یونین میں تاریخی تجارتی معاہدہ، وزیر اعظم نریندر مودی نے یوروپی یونین کے 27 ممالک کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے کو تاریخی قرار دیا۔

روزنامہ پرتاپ نے ایک اہم خبر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: گوا میں منعقدہ انڈیا انرجی وِیک سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ تیل و گیس سیکٹر میں 2030 تک اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے کُل جماعتی میٹنگ سے متعلق خبر کو شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: بجٹ اجلاس سے قبل بلائی گئی آل پارٹی میٹنگ میں سرکار نے تمام مسائل پر بحث کا بھروسہ دلایا۔ اسی اخبار کی ایک اور اہم سرخی ہے۔ قومی راجدھانی کی سردی میں اضافہ دلّی NCR میں بارش اور ژالہ باری۔

اخباروں کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں:

- ☆ امریکہ میں شدید برفانی طوفان 30 افراد ہلاک، لاکھوں شہری بجلی سے محروم
- ☆ ایران کے ساتھ سفارتکاری کا راستہ اب بھی موجود ہے: ٹرمپ کا بیان
- ☆ رفح سرحد کو کھولنے کیلئے امریکہ، مصر اور اسرائیل کے ہنگامی انتظامات
- ☆ اسرائیل، امریکہ کے ساتھ نئی سکیورٹی ڈیل پر غور کر رہا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج دونوں ایوانوں کی مشترکہ نشست سے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے شروع ہو رہا ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر نئی دلّی میں Cariappa پریڈ گراؤنڈ میں سالانہ NCC پی ایم ریلی سے خطاب کریں گے۔

3- حکومت نے انڈمان ونکوبار جزیروں میں، Mayabunder پر، ماہی گیری کی اسمارٹ اور مربوط بندرگاہ قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔

4- صنعتی اداروں نے، بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کو بھارتی صنعت کیلئے یکسر تبدیلی لانے والا معاہدہ قرار دیا ہے۔

5- ایشیاء کی، شہری ہوابازی سے متعلق سب سے بڑی تقریب Wings India 2026 آج حیدرآباد میں بیگم پیٹ ہوائی اڈّے پر شروع ہوگی۔

6- اور مردوں کے، 19 سال تک کی عمر کے کرکٹ عالمی کپ میں بھارت نے Bulawayo میں سُپر سِکس مرحلے کے میچ میں زمبابوے کو 204 رن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---